# 13240 ـ انگلش کلمات پر مشتمل لباس کا حکم

**سوال**

انگلش کلمات پر مشتمل لباس کا حکم کیا ہے، کیونکہ ہمیں علم ہو سکتا ہے وہ کسی غلط اور برے مفہوم پر مشتمل ہو، اور کیا یہ تشبہ اور مشابہت میں داخل ہوتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

واجب ہے کہ ہم ان کلمات اور حروف کے متعلق دریافت کریں عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں لکھے ہوئے ہیں ( یا کسی بھی اجنبی زبان جس کا علم نہ ہو میں لکھے ہوں ) کیونکہ ہو سکتا ہے وہ کسی غلط اور برے مفہوم اور معانی پر مشتمل ہوں، اور غیر اخلاق جملہ لکھا ہو.

عربی ( یا کسی بھی اجنبی زبان جس کا معانی معلوم نہ ہو ) کے علاوہ کسی بھی زبان میں لکھے ہوئے کلمات پر مشتمل لباس پہننا اس وقت تك جائز نہیں جب تك اس کے معانی اور مفہوم کو دریافت نہ کر لیا جائے، کہ یہ الفاظ کیوں لکھے گئے ہیں.

اور یہ یقین نہ کر لیا جائے کہ کہیں یہ شرف و عزت میں مخل تو نہیں، اور کہیں اس میں کفار کی تعظیم تو نہیں ہے، مثلا کفار کھلاڑیوں، یا فنکاروں، یا کسی موجد کی تعظیم تو نہیں کہ اس نے کوئی چیز ایجاد کی ہو اور یہ اس کی تعظیم کرنےلگیں.

اگر تو اس میں کفار کی تعظیم ہوتی ہو تو پھر انہیں زیب تن کرنا حرام ہے، اور جائز نہیں، اور اگر یہ کلمات کسی اخلاق سے گرے ہوئے کلمہ اور فحش کلمہ پر مشتمل ہو تو بھی زیب تن کرنا جائز نہیں اس لیے اس لباس کو زیب تن کرنے سے قبل اس کلمہ کے معانی اور مفہوم کو دریافت کرنا ضروری ہے.

الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.